## سوال

(188)حج کی ادائیگی سے پہلے عمرہ کرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حج کی ادائیگی سے پہلے عمرہ کرنے کے کیا احکام ہیں تفصیل سے تحریر کریں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عمرہ کے طریقہ کے لئے بازار سے مستند کتب دستیاب ہیں۔ مختصراس کے مراحل حسب ذیل ہیں:

میقات سے احرام باندھنا، احرام کی دو چادریں ہوتی ہیں۔ ایک کو اوڑھ لیا جائے اور دوسری کو پہن لیا جائے۔ احرام باندھتے وقت دونوں کندھے ڈھانپ لئے جائیں۔

''اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ عُمْرَةً'' کہہ کر نیت کی جائے، پھر حسب ذیل تلبیہ کہتے رہنا چاہیے: ''لَبَّیْکَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ لَبَّیْکَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَکَ لاَ شَرِیْکَ لَکَ۔''

مسجد احرام میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے: ''اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ''

طواف شروع کرنے سے پہلے دایاں کندھا ننگا کرلیا جائے۔

حجر اسود کے سامنے کھڑے ہوکر ''بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ'' کہا جائے، ممکن ہو تو حجر اسود کو بوسہ دیا جائے یا اسے ہاتھ لگا کر چوم لیا جائے یا صرف ہاتھ سے اشارہ کردیا جائے۔

بیت اللہ کے سات چکر لگائے جائیں، پہلے تین چکر آہستہ آہستہ دوڑ کر لگائے جائیں، عورتیں اس سے مستثنیٰ ہیں۔

پہلے تین چکروں کے بعد دونوں کندھے ڈھانپ لئے جائیں ہر چکر کی کوئی خاص دعا حدیث سے ثابت نہیں۔

ہر چکر میں رکن یمانی کو ہاتھ لگائیں اگر ممکن نہ ہو تو ویسے ہی گزر جائیں۔

رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان مندرجہ ذیل دعا پڑھیں۔ ''رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔''

سات چکر مکمل کرنے کے بعد مقام ابراہیم کے پاس دو رکعت نماز برائے طواف ادا کریں۔

آب زمزم سیر ہو کر پئیں، اگر موقعہ ملے تو پھر حجر اسود کو چومیں یا ہاتھ لگائیں۔

ممکن ہو تو ملتزم سے چمٹ کر خوب دعائیں کریں، پھر سعی کے لئے صفا کا رخ کریں۔

صفا پر چڑھ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے تین مرتبہ اللہ اکبر کہیں، پھر تین مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھیں: ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ اَنْجَزَ وَعْدَہُ وَنَصَرَ عَبْدَہُ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہُ'' پھر حسب ضرورت دعا پڑھیں۔

صفا سے نیچے اتر کر چلنا شروع کریں۔ جب سبز رنگ کی لائٹ کے پاس پہنچیں تو دوسری سبز لائٹ تک صرف مرد ذرا تیز دوڑیں، پھر مروہ پر پہنچ کر وہی کچھ کریں جو صفا پر کیا تھا۔

صفا سے مروہ تک ایک چکر ہوتا ہے۔ اس طرح کل سات چکر پورے کریں۔

سعی کرنے کے بعد اپنے بال منڈوائیں یا کتروائیں لیکن منڈوانا افضل ہے اس کے بعد احرام کھول دیں۔

اب عمرہ مکمل ہو چکا ہے۔ اپنے معمول کے کپڑے پہن لیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ اصحاب الحدیث

**جلد:2 صفحہ:225**